Urdu

Norwegian Food and Allied Workers Union

NNN میں خوش آمدید

ہمارے ممبر کی حیثیت سے آپ دیکھیں گے کہ آپ کے مفادات کا بہترین ممکن طور پر تحفظ کیا جاتا ہے، خاص طور پر آپ کی **تنخواہ اور شرائط کار** کے سلسلےمیں۔ اس بروشر میں ہم آپ کیلئے اس کی وضاحت کر رہے ہیں۔

NNN

– روزمرّہ زندگی میں اتحاد

نمایاں
محفوظ
مضبوط

اشیائے خوردونوش کی صنعت میں کام کرنے والوں کی یونین

NNN ملک بھر کے تقریبا 30 000 اجیروں پر مبنی یونین ہے جو LO (نارویجن کنفیڈریشن آف ٹریڈ یونینز) کے تحت ہے۔ یہ یونین 1923 میں قائم ہوئی یعنی ہمارے پاس تنخواہوں کے اجتماعی معاہدے تشکیل دینے کا 90 سال سے زیادہ کا تجربہ ہے۔ ہم تنخواہ اور شرائط کار کے معاملات میں خصوصی مہارت رکھتے ہیں اور ہمیں اپنی کامیابی پر فخر ہے۔

NNN کسی سیاسی پارٹی سے تعلق نہیں رکھتی۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہماری کوئی سوچ نہیں ہے۔ ہم ان تمام معاملات میں دلچسپی لیتے ہیں جن سے ہمارے ممبروں کی زندگی پر اثر پڑتا ہے۔ ہم پارٹیوں سے تقاضا کرتے ہیں کہ وہ ہمارے شعبے کیلئے مناسب شرائط طے کروانے میں اپنا کردار ادا کریں اور ہم نارویجن پارلیمنٹ کے سماعتی اجلاسوں میں شریک ہوتے ہیں۔ ہم بین الاقوامی کاموں میں حصہ لیتے ہیں اور ہم سے مالی مدد پانے والی تنظیموں میں نارویجن پیپلز ایڈ بھی شامل ہے جو ملک میں اور بیرون ملک اہم خدمات انجام دیتی ہے۔

ہم ایک ایسی یونین ہیں جو معاشرتی مباحثے میں شریک رہنا چاہتی ہے۔
ہم جانتے ہیں کہ ہمارے ممبران صاف صاف بات کو ترجیح دیتے ہیں!

ملک بھر میں NNN کی مقامی تنظیمیں اور کاؤنٹی کوآرڈینیٹرز (فلکے کی سطح کے منتظمین) موجود ہیں جن کے ذریعے ممبروں کو مدد مل سکتی ہے یا وہ سرگرمیوں میں شریک ہو سکتے ہیں۔

ہمارے ممبر اپنی جائے ملازمت پر کلبوں میں شامل ہوتے ہیں جہاں ان کے اپنے منتخب نمائندے ان کی مدد کرتے ہیں۔ مرکزی دفتر اوسلو میں ہے۔

آپ ہمارے ویب سائیٹ پر ہمارے بارے میں آگاہ رہ سکتے ہیں:

nnn.no

” ممبروں کی بڑی تعداد کے ذریعے NNN بطور تنظیم بھی اور ہر ممبر کیلئے بھی **نمایاں** بننا چاہتی ہے۔

ہمارے ممبر کے طور پر آپ کی زندگی بہتر ہو جاتی ہے

ہم میں سے زیادہ تر لوگ اپنے کام پر خوش ہیں۔ لیکن آپ جانتے ہیں کہ عملی زندگی زیادہ مشکل ہو چکی ہے۔ بہت سے لوگوں کو اتنی تنخواہ حاصل کرنے میں مسائل ہیں جس کے وہ اہل ہیں۔ یا مقامی سطح پر تنخواہوں کیلئے مذاکرات میں ان کی آواز نہیں سنی جاتی۔

کچھ لوگوں کو بلا جواز کام سے نکال دیا جاتا ہے۔ کچھ لوگ غیر ملکیوں کے کم تنخواہ پر کام کرنے کی وجہ سے ملازمت کھو بیٹھتے ہیں (سوشل ڈمپنگ)۔ اداروں کی تنظیم نو کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو اس صورتحال کا سامنا ہوتا ہے کہ ان کی نوکری غیر محفوظ ہو جاتی ہے۔

ایسے ہی حالات میں ضروری ہوتا ہے کہ آپ یونین کے ممبر ہوں اور تنخواہوں کے اجتماعی معاہدے کا حوالہ دے سکتے ہوں۔ ایسے ہی حالات میں آپ کی پشت پر ایک ٹریڈ یونین ہونی چاہیئے تاکہ کوئی آپ کو دبا نہ سکے۔ ۔ ۔

یونین کے ممبر ہونے کی صورت میں آپ زیادہ محفوظ ہوتے ہیں۔ دوسرے ممبروں کے ساتھ مل کر آپ تنخواہوں کے اچھے اجتماعی معاہدوں اور سنجیدہ عملی زندگی کے حصول میں کردار ادا کرتے ہیں۔

NNN اشیائے خوردونوش کی صنعت میں کام کرنے والوں کی ضروریات اورخواہشات کا خصوصی علم رکھتی ہے۔

ممبروں کیلئے فوائد کی فہرست

یہاں آپ ان بہت سے فوائد میں سے کچھ کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں جو یونین میں شمولیت اور تنخواہوں کا اجتماعی معاہدہ حاصل ہونے سے ملتے ہیں:

موضوع	یونین ممبرشپ کے بغیر/تنخواہوں کے اجتماعی معاہدے کے بغیر	یونین ممبرشپ کے ساتھ/تنخواہوں کے اجتماعی معاہدے کے ساتھ
تنخواہوں کے نئے معاہدے کیلئے مذاکرات	نہ تجویز دینے کا حق نہ ووٹ کا حق	**تجویز دینے کا حق اور ووٹ کا حق**
تنخواہ	کوئی اصول نہیں	**بروئے معاہدہ تنخواہ۔ کم از کم 173,10 کرونر فی گھنٹا۔ (1.5.2016سے)۔ سالانہ مقامی مذاکرات کا حق**
کام کے اوقات	ہفتے میں 40 گھنٹے	**ہفتے میں 37.5 گھنٹے**
اوور ٹائم	% 40 اضافی معاوضہ	**کم از کم % 50 اضافی معاوضہ**
رات اور ویک اینڈ کیلئے اضافی معاوضہ	کوئی اصول نہیں	**بروئے معاہدہ اضافی معاوضہ**
شفٹوں میں کام کیلئے اضافی معاوضہ	کوئی اصول نہیں	**بروئے معاہدہ اضافی معاوضہ**
بروئے معاہدہ جلد ریٹائرمنٹ کی پنشن (AFP)	AFP کے ساتھ ریٹائرمنٹ نہیں لے سکتے	**62 سال کی عمر سے بروئے معاہدہ AFPکا حق**
اثر انداز ہونے کا موقع	شیئرز ایکٹ کے اصول	**مرکزی معاہدہ بعض اضافی حقوق دیتا ہے۔ آپ کے ساتھ اور بھی لوگ ہوں تو آپ کی بات سنی جاتی ہے!**
ملازمت سے برخاستگی	وکیل کی فیس خود ادا کرنی پڑتی ہے	**آپ کی تنظیم اور فیڈریشن کے غور و فکر کے بعد مفت قانونی مدد اور معاونت**
تفریحی رخصت	4 ہفتے اور 1 دن، % 10.2 چھٹیوں کے پیسے	**5 ہفتے، % 12 چھٹیوں کے پیسے**
کام سے تعلق رکھنے والا حادثہ یا بیماری	وکیل کی فیس خود ادا کرنی پڑتی ہے	**آپ کی تنظیم اور فیڈریشن کے غور و فکر کے بعد مفت قانونی مدد اور معاونت**
تعلیم	کوئی مدد نہیں	**LO کے تعلیمی فنڈ سے مدد، تنظیم اور فیڈریشن کے مفت کورس اور کانفرنسیں**
ہڑتال/لاک آؤٹ	کوئی مدد نہیں، بیروزگاری کا وظیفہ نہیں	**فی الحال -,640 کرونر یومیہ 1 سال سے کم مدت کی ممبرشپ پر کرونر یومیہ -,590 مہنگائی کے انڈیکس کے مطابق شرحوں میں تبدیلی کی جاتی ہے۔**

جب آپ یونین کے ممبر ہوں تو آپ کو اچھی انشورنس حاصل ہوتی ہے۔

ممبر کے طور پر آپ کو مندرجہ ذیل اجتماعی انشورنسوں کا تحفظ بھی حاصل ہوتا ہے:

LO favør Kollektiv Hjem – گھریلو سامان اور منقولہ اثاثوں کی مکمل انشورنس اس میں آگ، دھماکے اور پانی سے ہونے والے نقصان، گھر میں چوری اور سائیکل کی چوری بھی شامل ہے۔

LO favør Grunnforsikring – یہ بنیادی انشورنس آپکی ، آپکے شوہر/بیوی/ازدواجی پارٹنر کی اور آپ کے ساتھ رہنے والے 21 سال سے کم عمر کے غیر شادی شدہ بچوں کی موت کی انشورنس ہے خواہ موت کی کوئی بھی وجہ ہو اور دنیا میں کسی بھی جگہ موت واقع ہو۔

LO favør Fritidsulykkesforsikring – اوقات فرصت میں حادثے کی وجہ سے موت اور مستقل طبی معذوری کی انشورنس۔ یہ ڈاکٹر اور ڈینٹسٹ کے اخراجات کا احاطہ بھی کرتی ہے اور انشورنس کمپنی کے ساتھ پہلے سے کیے گئے معاہدہ کے تحت پرائیویٹ ایمرجنسی کلینک اور دوسرے کلینکوں میں علاج اور قیام کا خرچ بھی ادا کرتی ہے۔

چونکہ ہماری انشورنس سکیمیں اجتماعی ہیں اور تمام ممبروں کیلئے ہیں لہذا یہ سستی ہیں۔ ممبر کے طور پر آپ کو ممبرشپ فیس کے علاوہ اور کوئی رقم ادا نہیں کرنی ہوتی۔

اجتماعی سکیمیں

بروئے معاہدہ اضافی ادائیگیاں

LO favør ان سب لوگوں کیلئے فوائد کا پروگرام ہے جو کسی LO فیڈریشن کے ممبر ہوں۔

مزید تفصیلی معلومات کیلئے LOfavor.no دیکھیئے۔

نمایاں
محفوظ
مضبوط

ممبرشپ فیس

یونین کا ممبر بننےمیں پیسے خرچ ہوتے ہیں۔ لیکن اگر ممبر نہ بنا جائے تو یہ اس خرچ سے بہت مہنگا پڑتا ہے۔ تنخواہ کی فیصدی شرح سے ممبرشپ فیس لی جاتی ہے جس میں سے % 1.4 مرکزی فیڈریشن کو جاتا ہے اور % 0.2 مقامی یونین کو۔ اصل میں آپ کی ادا کی ہوئی رقم کچھ کم بنتی ہے کیونکہ فیس کے کچھ حصے پر ٹیکس میں چھوٹ ملتی ہے۔ اس کے علاوہ فیس میں کئ طرح کی انشورنس اور ممبران کیلئے فوائد بھی شامل ہیں۔

اگرچہ یونین کا ممبر بننے میں پیسے لگتے ہیں، آپ کو اس کے بدلے میں اپنے خرچ کی نسبت کہیں زیادہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر آپ ایسے ادارے میں کام کرتے ہیں جو صرف % 10.2 چھٹیوں کے پیسے دیتا ہے اور جو ہر سال مختلف دنوں پر آنے والے مقدس ایام پر اجرت نہیں دیتا، تو آپ کو تنخواہوں کا اجتماعی معاہدہ مل جانے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی آمدنی سال میں 10 ہزار سے 20 ہزار کرونر تک بڑھ جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کو تنخواہ اور کام کی شرائط کیلئے خود مذاکرات کرنے کا حق حاصل ہو گا اور اپنی یونین اور فیڈریشن کی طرف سے یہ مذاکرات کرنے کیلئے مدد ملے گی۔ تنخواہوں کا اجتماعی معاہدہ حاصل ہونے سے آپ کو بروئے معاہدہ جلد پنشن، AFP ، کا حق بھی حاصل ہو جائے گا جو لازمی سروس پنشن (OTP) اور نیشنل انشورنس سکیم کے علاوہ ہے۔

ممبرشپ فیس کہاں خرچ ہوتی ہے؟

- ہڑتال کے سلسلے میں امداد
- ان ممبروں کیلئے تعلیمی وظیفہ جو مزید تعلیم اور دوران ملازمت تربیت حاصل کرنا چاہتے ہیں
- ممبروں اور منتخب نمائندوں کیلئے کورس
- یونینز اور فیڈرنیشنز میں کام کرنے والوں کی تنخواہیں۔ یہ لوگ تنازعات کے کیسوں میں کام کرتے ہیں، تقاضے تیار کرتے ہیں اور تنخواہوں کے نئے معاہدوں کیلئے مذاکرات کرتے ہیں۔ یہ لوگ سوشل ڈمپنگ کے خلاف میدان میں بھی سرگرم عمل رہتے ہیں۔

NNN کی ممبرشپ فیس کتنی ہے؟

فیڈریشن کا ممبر نہ بننے کے سلسلے میں جو سب سے بھاری دلیل استعمال کی جاتی ہے، وہ یہ ہے کہ ممبرشپ بہت مہنگی ہے۔ لیکن نیچے دیے گئے حساب سے پتہ چلتا ہے کہ NNN کی ممبرشپ بہت سستی ہے۔

آمدنی	325,000,- کرونر
فیڈریشن کو جانے والی فیس (1.4 %)	4,550,- کرونر
مقامی شعبے کو جانے والی فیس (0.2 %)	650,- کرونر
کل سالانہ فیس	**5,200,- کرونر**
ٹیکس میں چھوٹ 3,850,- کرونر (28 %) (2013)	1,078,- کرونر
اوقات فرصت کی انشورنس	249,-* کرونر
بنیادی انشورنس	312,-* کرونر
Kollektiv Hjem (گھریلو سامان اور منقولہ اثاثوں کی انشورنس)	2,893,-** کرونر
کل فوائد	**4,532,- کرونر**
سالانہ ممبر شپ فیس	**668,- کرونر**
فی گھنٹہ نیٹ ممبر شپ فیس	**0.35 کرونر**

بڑے کام
کے فوائد

* *انفرادی انشورنس خریدنے کی صورت میں*
** *گھریلو سامان کی انشورنس، انشورنس کور 1,200,000,- تصور کرنے پر*

LOfavør Kollektiv hjemforsikring ناروے میں گھریلو سامان کی وہ واحد انشورنس ہے جس کے کور کی کوئی زیادہ سے زیادہ حد نہیں ہے۔

NNN کے کاؤنٹی کوآرڈینٹرز ملک بھر میں موجود ہیں۔

nnn.no پر دیکھیں
کہ آپ کی کاؤنٹی میں
کونسے کلب اور شعبے
موجود ہیں۔

ہمارے ویب سائیٹ
پر تمام کاؤنٹی
کوآرڈینٹرز کی
فہرست دیکھیں!

”ممبر بنیں - آپ تنخواہوں کے اچھے اجتماعی معاہدوں اور سنجیدہ عملی زندگی کیلئے کردار ادا کر سکتے ہیں۔

کیا آپ کو پتہ ہے کہ:

- اگر ممبروں کی تعداد کافی ہو تو NNN تنخواہوں کے اجتماعی معاہدے کا تقاضا کر سکتی ہے۔
- اگر آپ ایک ادارے کے ملازم ہوتے ہوئے دوسرے ادارے میں بطور ہائرڈ ورکر کام کرتے ہیں تو آپ NNN کے ممبر بن سکتے ہیں
- NNN کے پاس ناروے کی بہترین گھریلو سامان کی انشورنس دستیاب ہے
- NNN آپ کیلئے LO فیڈریشن ہے جو اشیائے خوردونوش کی صنعت میں کام کرتے ہیں - ہم LO فیملی کے ممبروں کی تعداد 900,000 سے زیادہ ہے

کیا آپ NNN اور ممبر
شپ کے بارے میں کوئی
سوال پوچھنا چاہتے ہیں
- رابطہ کریں۔

ایک یا ایک سے زیادہ نئے ممبران بھرتی کرائیں اور ممبر بھرتی کرنے کا انعام چنیں۔

ایک نیا NNN ممبر بنوانے والے تمام افراد ایک تھرمس، پانی کی بوتل یا ہیڈفونز میں سے ایک چیز چن سکیں گے۔

کم از کم 3 نئے NNN ممبر بنوانے والے تمام افراد کو ایک جدید ترین DAB ریڈیو ملے گا جس کی مالیت 1000 کرونر ہے۔

کم از کم 10 نئے NNN ممبر بنوانے والے تمام افراد کو ایک کمبائنڈ ٹرالی کیس/ سکوٹر ملے گا جس کی مالیت 3000 کرونر ہے۔

Aladdin lifeventure تھرمس مگ
Aveo پانی کی بوتل
ہیڈ فونز

ٹرالی کیس

DAB/FM Radio
Jensen Scandinavia

موبائل چارجر

سب نئے NNN ممبران کو رکنیت کے تحفے کے طور پر ایک عمدہ موبائل چارجر ملے گا۔

NNN کی ممبر شپ، ممبروں کیلئے فوائد اور ممبرشپ فارم کے بارے میں مزید معلومات **nnn.no** پر دستیاب ہیں۔

نئے ممبر بنوانے والوں کا خود NNN ممبر ہونا ضروری ہے۔ ممبرشپ فیس کی ادائیگی کے بعد انعام/تحفہ بھیجا جائے گا۔

ممبرشپ فارم

نام:

موبائل:

پتہ:

پوسٹل نمبر اور پوسٹل ایریا:

تاریخ پیدائش اور پرسنل نمبر (11 ہندسے):

ای میل:

جائے ملازمت:

کام کا فون نمبر:

جائے ملازمت کا پتہ:

عارضی ملازمت دلانے والی ایجنسی کا نام:

عارضی ملازمت دلانے والی ایجنسی کا پتہ:

تاریخ/مقام:

مجھے نئے ممبروں کیلئے خط اس زبان میں مطلوب ہے (کاٹے کا نشان لگائیں)

- ☐ انگلش
- ☐ پولش
- ☐ لتھوئینین
- ☐ رشین
- ☐ سلووینین
- ☐ لیٹوین
- ☐ جرمن
- ☐ رومانین
- ☐ ویتنامی
- ☐ تھائی
- ☐ اردو
- ☐ سپینش

(کیا آپ مزید افراد کو ممبر بھرتی کرانا چاہتے ہیں - ضرورت کے مطابق ممبرشپ فارم کی کاپیاں کر لیں)

ممبر بھرتی کرانے والے کا نام:

ممبر شپ نمبر: (9 ہندسے)

دستخط:

آپ کونسا انعام پسند کریں گے (صفحہ 10 دیکھیں)

ممبرشپ فارم بھر کر اپنے ادارے میں منتخب نمائندے کو دیں۔

اگر کوئی منتخب نمائندہ نہ ہو تو فیڈریشن کو فارم پہنچائیں۔

پتہ: NNN, Pb. 8719 Youngstorget, 0028 Oslo

آپ ہمارے ویب سائٹ پر بھی ممبر شپ فارم مکمل کر سکتے ہیں: **nnn.no**

GJERHOLM DESIGN 09/2016 - 1000

نمایاں
محفوظ
مضبوط

آپ ہم سے یہاں رابطہ کر سکتے ہیں:
Norsk Nærings- og Nytelsesmiddelarbeiderforbund
Postboks 8719 Youngstorget
Oslo 0028
فون: 23 10 29 60
فیکس: 23 10 29 61
ای میل: firmapost@nnn.no

NNN

– روزمرّہ زندگی میں اتحاد

nnn.no